سوال

(143)خطبہ سننے کا اختیار

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خطبہ سننے کا اختیار

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کو چاہیے کہ موقع محل کی مناسبت سے خطبہ میں وعظ وارشاد کا اہتمام کرے البتہ خطبہ سننا ضروری نہیں۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عید پڑھائی پھر فرمایا: جو آدمی جانا چاہے وہ جا سکتا ہے اور جو خطبہ سننے کے لیے ٹھہرنا چاہتا ہے وہ ٹھہر جائے۔[1] البتہ خطبہ سننے سے بلاوجہ لاپرواہی نہیں کرنا چاہیے بلکہ بغور خطبہ عید سنا جائے۔

---

[1] نسائی، العیدین: ۱۵۷۲۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:155

محدث فتویٰ